سوال

(479) ذبح کے وقت گائے وغیرہ کے پیٹ سے ملنے والا بچہ کیا حکم رکھتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گائے ،بکری یا بھینس کے ذبح کے کرنے کے وقت ان کے پیٹ سے اگر مردہ بچہ برآمد ہو تو وہ کس زمرے میں آئے گا ؟ حلال یا حرام ؟ (ڈاکٹر حق نواز قریشی، راولپنڈی) (۵جولائی ۲۰۰۲ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ذبح کے وقت جانور کے پیٹ سے مردہ پیدا ہونے والا بچہ حلال ہے ۔

''سنن ابی داؤد'' میں حدیث ہے :

'زَکَاةُ الْجَنِیْنِ زَکَاةُ اُمِّہٖ ۔' (سنن اَبِی داوٗد، باب ما جاء ِفِی ذکَاۃِ الْجَنِین ، رقم :۲۸۲۸)

''جس ذبح سے ماں حلال ہوئی اس کے بالتبع بچہ بھی حلال ہوگیا ۔''

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو : (عون المعبود : ۶۳/۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد :3،کتاب الصوم : صفحہ :364